© rasailojaraid.com

صفحات ۱۷۰ ۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے صفحات ۔ ۴۸۰

زیر تبصرہ تصنیف مسٹر غلام جیلانی برق کی گمراہ کن کتاب "دو اسلام" کا مدلل جواب ہے اس کتاب میں فاضل مصنف نے اُن تمام اعتراضات کو دور کرنے کی کوشش کی ہے جو برق صاحب نے حدیث کے متعلق اٹھائے ہیں ۔ مواد کی تلاش اور تحقیق میں مولینا نے بڑی محنت اور کاوش کا ثبوت دیا ہے ۔ کتاب مواد، ترتیب، اور اسلوب نگارش کے اعتبار سے قابلِ قدر ہے ۔ البتہ اس کا مطالعہ کرتے ہوئے تبصرہ نگار کو ایک چیز صرف کھٹکی ہے اور وہ یہ کہ انہوں نے اس کتاب کو لکھتے ہوئے دورِ حاضر کے ایک نامور اسلامی مفکر اور خادمِ دین پر بعض مقامات پر بڑی بے جا چوٹیں کی ہیں ۔ ہمیں مولینا جیسے نیک اور منصف مزاج شخص سے اس بات کی پوری توقع ہے کہ وہ آئندہ ایڈیشن میں ان حصوں کو حذف کر دیں گے ۔ کتاب کا معیارِ کتابت اور طباعت اگر اس سے بلند ہوتا تو بہتر تھا ۔

**اردو ترجمہ تاریخ ابن خلدون** (حصہ اول) مترجم ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ سابق پروفیسر عربی گورنمنٹ کالج لاہور و پنجاب یونیورسٹی ۔ محل فروخت، محمد شمس الدین تاجر کتب، چوک مینار انارکلی لاہور ۔ قیمت جلد اول: دس روپے ۔ صفحات ۴۴۰ ۔

تاریخ اسلام پر عربی زبان میں جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں علامہ عبدالرحمٰن ابن خلدون کی کتاب ایک خاص امتیازی حیثیت رکھتی ہے ۔ اس کتاب کی ترتیب چونکہ بالکل جدید طرز پر ہے اس لئے دورِ حاضر میں اسے غیر معمولی شہرت حاصل ہوئی ہے ۔ علامہ مرحوم نے اپنی اس تصنیف میں صرف واقعات جمع کرنے پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ ان اسباب و علل کا بھی کھوج لگایا جن کی وجہ سے یہ واقعات ظہور پذیر ہوئے ۔ اس نقطۂ نظر سے اگر دیکھا جائے تو علامہ مرحوم نہ صرف مورخ ہیں بلکہ فلسفۂ تاریخ کے ایک فقید المثال عالم بھی ہیں ۔ انہوں نے مختلف واقعات و حوادث کے جو داخلی محرکات بیان کیے ہیں ۔ ان میں سے بعض سے اختلاف کی پوری گنجائش موجود ہے مگر انہوں نے اس کام کو جس بصیرت سے سرانجام دیا ہے ۔ وہ یقیناً قابلِ قدر ہے ۔

© rasailojaraid.com